بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمدللہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی سید الأنبیاء والمرسلین!

بندہ مشکور ہے رب قدیر کے الطاف کے فیضان کا کہ ''فتاویٰ علماء ہند'' کتاب الطہارۃ تکمیل کو پہنچی۔
''فتاویٰ علمائے ہند'' کی یہ تین جلدیں۔جلد اوّل، جلد ثانی، جلد ثالث طہارت کے ابواب پر مشتمل ہیں۔
یہ ہمارے اکابرین کا علمی سرمایہ ہے، جس کی ہندوپاک کے ممتاز علمائے کرام نے ستائش فرمائی ہے اور مفید کلمات سے نوازا ہے۔الحمدللہ طہارت کے موضوع کے فتاویٰ ان تین جلدوں میں جمع ہوگئے ہیں، جو ہر فرد اور ہر گھر کی ضرورت بن گئی ہے۔

''ادارہ منظمۃ السلام العالمیہ'' کی فکر ہے کہ یہ علمی مجموعہ تمام دینی درسگاہوں میں دستیاب ہوجائے، چنانچہ دینی درسگاہیں، دارالافتاء، دارالقضاء، کے ذمہ داران اور اصحابِ فقہ وفتاویٰ احباب سے التماس ہے کہ اپنے حلقہ کے دینی ضرورت کے پیشِ نظر کتاب کی تعداد کا تعین فرما کر مطلع فرمادیں؛ تاکہ کتاب بہ آسانی بھیجی جاسکے۔

درحقیقت اس علمی کتاب کے منصۂ شہود پر آنے میں بندہ کا کوئی عمل دخل نہیں ہے؛ بلکہ مالکِ حقیقی جب کسی کام کے کرنے کا ارادہ کر لیتا ہے تو اپنے کسی بندے پر اپنے ارادے کا اظہار کر دیتا ہے؛ اس لیے کہ مخلوق سے جو کچھ بھی صادر ہوتا ہے وہ خالقِ کائنات کے ارادے کا ظہور ہے۔اللہ تعالیٰ اس کوشش کو قبول فرما کر ذخیرۂ آخرت بنادے۔آمین

بتاریخ: ۲۱/ اپریل ۲۰۱۴ء
بمطابق: ۲۰/ جمادی الآخر ۱۴۳۵ھ

بندہ شمیم احمد
ناشر: فتاویٰ علماء ہند
خادم منظمۃ السلام العالمیہ